# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبہ اردو)

**وارننگ**

عزیز طلبہ ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ

1. اگر آپ اپنی امتحانی مشق یں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یاڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔
2. کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: پاکستانی ادب (9403) سمسٹر: خزاں2026

سطح: بی ایس

## (ہدایت نامہ برائے طلبہ)

براہ مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔(ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں، البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (PDF یا Word فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی، جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہو گا۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور تنقیدی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر: 40

## امتحانی مشق نمبر 1

سوال 1: نظم اور نثر کی صنفی تقسیم واضح کیجیے۔ نیز، معاشرتی تغیرات ادبی اصناف کی تبدیلی کا سبب کیسے بنتے ہیں؟ بحث کیجیے۔ (20)

سوال 2: ایک کامیاب ناول کن عناصر سے مل کر بنتا ہے؟ اردو ناول نگاروں نے نقل مکانی (ہجرت) کے دکھ کو اجتماعی تمدنی نقصان کے طور پر کیسے دکھایا ہے؟ (20)

سوال 3: فکشن میں کرداروں کی تخلیق کی صنفاتی ضرورت پر روشنی ڈالیے۔ معاصر پاکستانی افسانے میں انسانی ذہن کی الجھنوں کی عکاسی کہاں تک ملتی ہے؟ (20)

سوال 4: ڈراما کی صنف میں 'پلاٹ' کی مرکزیت کیا ہے؟ اسکرین (ٹیلی ویژن) کے ڈراموں پر ایک تنقیدی جائزہ لکھیے۔ (20)

سوال 5: خاکہ نگاری اور انشائیہ سے کیا مراد ہے؟ ان دونوں میدانوں کے نمائندہ قلم کاروں کا ذکر کیجیے۔ (20)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 40

## امتحانی مشق نمبر 2

سوال 1: جدید سفر ناموں کا رخ بیرونی مناظر سے زیادہ مصنف کی اندرونی دنیا کی طرف کیوں ہے؟ عہدِ پاکستان کے نامور سفر نامہ نویسوں کی فہرست مع تعارف فراہم کیجیے۔ (20)

سوال 2: نظم کے صنفی ڈھانچے میں فکری یکسوئی اور ربطِ تسلسل کیوں ضروری ہیں؟ پاکستانی دور کے چند اہم نظم گو شعرا کا احاطہ کیجیے۔ (20)

سوال 3: موجودہ غزل میں روایت پسندی اور عصرِ حاضر کے شعور کا ملاپ کس طرح ہوا ہے؟ اس عہد کی غزل کے اسلوبیاتی زاویے نمایاں کیجیے۔ (20)

سوال 4: قیامِ پاکستان کے بعد اردو تنقید میں کون سے نئے فکری رجحانات پیدا ہوئے؟ تفہیمِ متن کے لیے نئے نظریات کی افادیت ثابت کیجیے۔ (20)

سوال 5: ادبی تناظر میں "ترقی پسند ادب" کی اصطلاح کی وضاحت کیجیے۔ نصاب کے تناظر میں بتائیے کہ یہ مختلف اصناف ادب میں کس طرح ابھری ہے؟ (20)